14 اکتوبر 2013ء

اسٹیٹ بینک نے عیدالاضحیٰ پر 26.8 کروڑ نئے کرنسی نوٹ جاری کیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عیدالاضحیٰ سے پہلے عوام کو تمام مالیتوں کے 26 کروڑ 87 لاکھ 13 ہزار 700 نئے کرنسی نوٹ جاری کیے جن کی مجموعی مالیت 75 ارب 3 کروڑ 47 لاکھ 78 ہزار روپے تھی۔ 10 روپے مالیت والے 12 کروڑ 32 لاکھ 34 ہزار 200 نوٹ جاری کیے گئے، 20 روپے مالیت والے 2 کروڑ 82 لاکھ 12 ہزار 300 نوٹ، 50 روپے مالیت والے 2 کروڑ 2 لاکھ 28 ہزار 400 نوٹ، 100 روپے مالیت والے 2 کروڑ 27 لاکھ 40 ہزار 200 نوٹ، 500 روپے مالیت والے 3 کروڑ 44 لاکھ 8 ہزار 500 نوٹ، ایک ہزار روپے مالیت والے 3 کروڑ 66 لاکھ 75 ہزار 500 نوٹ اور پانچ ہزار روپے مالیت والے 32 لاکھ 14 ہزار 600 نوٹ جاری کیے گئے۔

☆☆☆